**بالغ (عمر 16+) کی رضامندی کا آن لائن فارم V8 03.10.20**

**مطالعے کا عنوان: وائرس واچ**

براہ کرم Y/N کو
نشان زد کیجیے

1. میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے معلومات کی شیٹ مؤرخہ 03.10.2020 (ورژن 8) پڑھ لی ہے جو مندرجہ بالا مطالعے کے بارے میں ہے۔ مجھے معلومات پر غور کرنے، سوالات پوچھنے کا موقع دیا گیا ہے اور ان کے تسلی بخش جوابات دیے گئے ہیں۔

2. میں سمجھتا ہوں کہ میری شرکت رضاکارانہ ہے اور یہ کہ میں کسی بھی وقت بغیر وجہ بتائے، اپنی طبی نگہداشت یا قانونی حقوق کو متاثر کیے بغیر دستبردار ہونے کے لئے آزاد ہوں۔

3. میں UCL کی جانب سے اپنے NHS نمبر، نام، پتے اور تاریخ پیدائش کا اشتراک، NHS ڈیجیٹل اور پبلک ہیلتھ انگلینڈ کی تنظیموں کے ساتھ کرنے پر رضامند ہوں۔

*NHS* ڈیجیٹل، ہسپتالوں کی ملاقاتوں اور داخلوں (جو ہسپتال کا سلسلہ وار شماریاتی ڈیٹا کہلاتا ہے) اور اموات کا ڈیٹا محفوظ رکھتا ہے، اور پبلک ہیلتھ انگلینڈ، *NHS* ٹیسٹ اور ٹریس پروگرام کی جانب سے ڈیٹا سمیت، انجام دی گئی وائرولوجیکل ٹیسٹنگ کے معمول کے جمع شدہ ڈیٹا کو محفوظ رکھتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ ان تنظیموں کی جانب سے منظم کی گئی اور متعلقہ ڈیٹا سیٹس میں رکھی گئی معلومات شاید میرے ہسپتال میں داخلوں اور *NHS* میں انجام دیے گئے وائرولوجیکل ٹیسٹوں کے نتائج فراہم کرنے کے لئے استعمال کی جائے۔ مجھے سمجھ ہے کہ یہ ڈیٹا صرف تحقیقاتی اور شماریاتی مقاصد کے لئے استعمال ہو گا۔

*4.* اگر میرے گھر والوں کو تحقیق کے دوران ناک کے سواب اور خون لینے کے حصے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے، تو میں اس حوالے سے رضامندی دیتا/دیتی ہوں کہ UCL میرے گھر والوں کے لیے ایک تحقیقاتی کٹ کا بندوبست کرنے اور انہیں یہ ارسال کرنے کے لیے کسی لاجسٹکس کمپنی کے ساتھ، خون لینے کی مقررہ ملاقات طے کرنے کے لیے فلباٹومی کمپنی/یا NHS کی تحقیقاتی نرس کے ساتھ، اور نمونے کے بار کوڈز تخلیق کرنے اور میرے ساتھ میرے نتائج کا اشتراک کرنے کے لیے میرے بارے میں قابل شناخت معلومات کا اشتراک کر سکے۔ *(قابل شناخت معلومات میں شامل ہیں: نام، تاریخ پیدائش، جنس، پتہ، ٹیلیفون، ای میل)*

5. اگر مطالعاتی ٹیم کی جانب سے مدعو کیا گیا تو میں ناک/گلے کی سوابز لینے پر رضامند ہوں۔

6. اگر مدعو کیا گیا تو، میں 2020 کی گرمیوں میں ایک اور 2021 کی بہار میں ایک، یعنی کہ خون کے دو نمونے فراہم کرنے پر رضامند ہوں۔

7. اگر میں خون کا مکمل نمونہ فراہم کرنے سے قاصر ہوا تو میں فنگر پرک اینٹی باڈی ٹیسٹ کے لیے رضامند ہوں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم UCL وائرس واچ پراجیکٹ منیجر سے رابطہ کریں:

viruswatch@ucl.ac.uk1-19 1-19 Torrington Place, Fitzrovia, London WC1E 7HB

8. اگرمجھے مطالعاتی ٹیم کی جانب سے مدعو کیا گیا تو میں فنگر پرک اینٹی باڈی ٹیسٹ فراہم کرنے پر رضامند ہوں۔

a. ایک بار مکمل خون لیے جانے کے وقت

b. ایک نمونہ اس امر کے 14 دنوں بعد جب میرے گھرانے کے کسی فرد کے COVID- 19 کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے۔

9. میں تنفسی انفیکشنز، ان انفیکشنز کی جانب مدافعتی ردعمل، اور ان پر ہونے والے جینیاتی اثرات کے حوالے سے مستقبل میں ہونے والی ممکنہ تحقیق کے سلسلے میں نامعلوم طور پر محفوظ کیے جانے کے لیے (اس تحقیق کے ختم ہونے کے بعد) اس تحقیق کے لیے کسی بھی قسم کے خون کے نمونے اور ناک کے سوابز کو گمنام طور پر محفوظ رکھنے پر رضامند ہوں۔

10. میں اپنے فون پر تحریک کا ٹریک رکھنے والی ایپ "Tracker for ArcGIS" ڈاؤن لوڈ کرنے اور ٹریکر ایپ پر اپنا اکاؤنٹ ترتیب دینے کے لیے UCL کی جانب سے ArcGIS کی آن لائن سبسکرپشن (جو کہ شمالی امریکی سرور کی جانب سے چلائی جاتی ہے) پر اپنی صارفی معلومات (پہلا نام، آخری نام، اور ای میل پتہ) اپ لوڈ کرنے پر رضامندی دیتا/دیتی ہوں۔ ٹریکر ایپ میں محض آپ کے اکاؤنٹ کی تخلیق میں UCL کی تحقیقاتی ٹیم کی مدد کرنے کے لیے ESRI کے نامزد کردہ ملازمین (ArcGIS ٹریکر ایپ چلانے والی کمپنی) کی ایک محدود تعداد کو بھی آپ کی صارفی پروفائل کے ڈیٹا تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ ٹریکر ایپ کی جانب سے جمع کردہ جیو- لوکیشن ڈیٹا اور میرا ای میل پتہ میرے فون سے ایک محفوظ EU Amazon سرور پر منتقل کیا جائے گا اور UCL کی تحقیقاتی ٹیم کی جانب سے باقاعدگی سے UCL ڈیٹا سیف ہیون میں ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا جہاں اس تک نامعلوم انداز میں محض نامزد محققین تک محدود رسائی دی جائے گی۔ نامزد ESRI ملازمین کی ایک مختصر تعداد کو UCL ڈیٹا سیف ہیون میں میرے بے نام جیو لوکیشن ڈیٹا تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے تاکہ اعلی درجے کے جیو اسپاٹیئل جائزوں میں UCL کی تحقیقاتی ٹیم کی مدد کی جا سکے۔

یہ ایپ موبائل فونز کی لوکیشن کو ریکارڈ کرتی ہے اور ٹیلیفون کے *GPS* سینسر اور وائی فائی اور بلو ٹوتھ بات سپاٹس کی قربت کو استعمال کرتے ہوئے بیک گراؤنڈ میں چلتی ہے۔ یہ ایپ اس بات کو سمجھنے میں اہم معلومات فراہم کرے گی کہ *COVID-19* کیسے پھیلتا ہے لیکن اگر آپ ایپ کو ڈاون لوڈ نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو پھر بھی آپ وائرس واچ میں حصہ لے سکتے ہیں۔

11. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میرے بارے میں جو معلومات حاصل کی جائیں گی وہ UCL کی جانب سے کم از کم 10 سال تک محفوظ رکھی جائے گی اور اس تحقیق کے ختم ہونے کے بعد شاید دوسرے تحقیق کاروں کے ساتھ گمنام طور پر اشتراک کیا جائے گا۔

12. مجھے معلوم ہے کہ مطالعے کے دوران حاصل کردہ میرے (بےنام) ڈیٹا کے متعلقہ حصوں کو، UCL یا انضباطی حکام کی جانب سے افراد دیکھیں گے، جہاں بھی یہ میرے اس مطالعے میں حصہ لینے سے متعلق ہو۔ میں ان افراد کو اپنے ڈیٹا تک رسائی کی اجازت دیتا ہوں۔

13. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میرا پوسٹ کوڈ (جس میں سے دیگر ذاتی تفاصیل حذف کردی گئی ہوں) ESRI کے عملے کے مذکورہ ارکان کی جانب سے جائزہ لیا جائے گا (جو ایک جیوگرافیکل تجزیہ کرنے والی کمپنی ہیں جو UCL کی اس منصوبے میں مدد کر رہے ہیں)۔ یہ عملہ رازداری کے کڑے معاہدوں کے تحت کام کر رہا ہو گا۔

14. میں مندرجہ بالا مطالعے میں حصہ لینے پر متفق ہوں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم UCL وائرس واچ پراجیکٹ منیجر سے رابطہ کریں:
viruswatch@ucl.ac.uk1-19 1-19 Torrington Place, Fitzrovia, London WC1E 7HB

15. میں مستقبل کے مطالعوں کے لئے UCL کے تحقیق کاروں کی جانب سے رابطہ کئے جانے پر متفق ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں مستقبل کے مطالعے میں حصہ لوں گا، صرف یہ کہ رابطہ کرنے پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

---

**کیا آپ کے ساتھ *16* سال سے کم عمر ایسے بچے رہتے ہیں جو آپ کے بچے ہیں/ یا آپ پر سرپرستی کی ذمہ داریاں ہیں؟ اگر ہاں...**

براہ کرم Y/N کو نشان زد کیجیے

1. میں UCL کی جانب سے اپنے بچے/بچوں کے NHS نمبر، نام، جنس، پتے اور تاریخ پیدائش کا اشتراک، NHS ڈیجیٹل اور پبلک ہیلتھ انگلینڈ کی تنظیموں کے ساتھ کرنے پر رضامند ہوں۔

*NHS ڈیجیٹل، ہسپتالوں کی ملاقاتوں اور داخلوں (جو ہسپتال کا سلسلہ وار شماریاتی ڈیٹا کہلاتا ہے) اور اموات کا ڈیٹا محفوظ رکھتا ہے، اور پبلک ہیلتھ انگلینڈ، NHS ٹیسٹ اور ٹریس پروگرام کی جانب سے ڈیٹا سمیت، انجام دی گئی وائرولوجیکل ٹیسٹنگ کے معمول کے جمع شدہ ڈیٹا کو محفوظ رکھتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ ان تنظیموں کی جانب سے منظم کی گئی اور متعلقہ ڈیٹا سیٹس میں رکھی گئی معلومات شاید میرے بچے/بچوں کی ہسپتال کی ملاقاتوں اور داخلوں کے بارے میں معلومات اور NHS میں انجام دئیے گئے وائرولوجیکل ٹیسٹوں کے نتائج فراہم کرنے کے لئے استعمال کی جائے۔ مجھے سمجھ ہے کہ ڈیٹا کی یہ تفاصیل صرف تحقیقی اور شماریاتی مقاصد کے لئے استعمال ہوں گی۔*

2. میں رضامند ہوں کہ اگر مطالعاتی ٹیم کی جانب سے مدعو کیا گیا تو میں اپنے بچے سے ناک/گلے کی سوابز لوں۔

3. اگر مدعو کیا گیا، تو میں اپنے بچے کے خون کے دو نمونے فراہم کرنے پر رضامند ہوں، ایک 2020 کی گرمیوں میں اور ایک 2021 کی بہار میں۔ *خون کا نمونہ فراہم کرنا ہمیں* COVID-19 *کے بارے میں اہم معلومات دے سکتا ہے لیکن اگر آپ کا بچہ خون فراہم نہیں کرنا چاہتا تو وہ پھر بھی مطالعے میں حصہ لے سکتا ہے۔*

4. میں اپنے بچے کی طرف سے رضامندی ظاہر کرتا ہوں کہ (اگر مطالعاتی ٹیم کی جانب سے مدعو کیا گیا) اگر وہ خون کا نمونہ فراہم کرنا نہیں چاہیں گے تو فنگر پرک اینٹی باڈی ٹیسٹ فراہم کیا جائے گا۔

5. میں رضامندی دیتا/دیتی ہوں کہ اگر مطالعاتی ٹیم کی جانب سے مدعو کیا گیا تو میرا بچہ فنگر پرک اینٹی باڈی ٹیسٹ فراہم کر سکتا ہے۔

   a. ایک مرتبہ خون لیتے وقت
   b. ایک نمونہ اس امر کے 14 دنوں بعد جب میرے گھرانے کے کسی فرد کے COVID- 19 کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے۔

6. میں تنفسی انفیکشنز، ان انفیکشنز کی جانب مدافعتی ردعمل، اور ان پر ہونے والے جینیاتی اثرات کے حوالے سے مستقبل میں ہونے والی ممکنہ تحقیق کے سلسلے میں (اس تحقیق کے ختم ہونے کے بعد) نامعلوم طور پر محفوظ کیے جانے کے لیے اپنے بچے کے خون کے نمونے اور/یا ناک کے سوابس لیے جانے پر رضامند ہوں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم UCL وائرس واچ پراجیکٹ منیجر سے رابطہ کریں:
viruswatch@ucl.ac.uk1-19 1-19 Torrington Place, Fitzrovia, London WC1E 7HB

7. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میرے بچے کے بارے میں جو معلومات حاصل کی جائیں گی وہ UCL کی جانب سے کم از کم 10 سال تک محفوظ رکھی جائیں گی اور اس تحقیق کے ختم ہونے کے بعد شاید دوسرے تحقیق کاروں کو بے نام انداز میں بتائی جائے۔

8. مجھے سمجھ ہے کہ مطالعے کے دوران حاصل کردہ میرے بچے کے بے نام ڈیٹا کے متعلقہ حصوں کو، UCL یا انضباطی حکام کی جانب سے افراد دیکھیں گے، جہاں بھی ان کے اس مطالعے میں حصہ لینے سے متعلق ہو۔ میں ان افراد کو اپنے بچے کے بے نام ڈیٹا تک رسائی کی اجازت دیتا ہوں۔

9. میں سمجھتا ہوں کہ میرے بچے کا پوسٹ کوڈ کا (جس میں سے دیگر ذاتی تفاصیل حذف کردی گئی ہوں) ESRI کے عملے کے مذکورہ ارکان کی جانب سے جائزہ لیا جائے گا (جو ایک جیوگرافیکل تجزیہ کرنے والی کمپنی ہیں جو UCL کی اس پروجیکٹ میں مدد کر رہی ہے)۔ یہ عملہ رازداری کے کڑے معاہدوں کے تحت کام کر رہا ہو گا۔

10. میں مندرجہ بالا مطالعے میں اپنے بچے کے حصہ لینے پر متفق ہوں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم UCL وائرس واچ پراجیکٹ منیجر سے رابطہ کریں: viruswatch@ucl.ac.uk1-19 1-19
Torrington Place, Fitzrovia, London WC1E 7HB